# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 23-09-2026**

**Time : 07:40 PM**

---

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ ۱ ـــــ تعلیم اور طبی نگہداشت کے شعبے موجودہ سرکار کی اہم ترجیحات // بدلتی دنیا کے تقاضوں کے مطابق وزیر اعلیٰ نے کی الوہا کو سرکاری سکولوں میں بھی متعارف کرانے کی ضرورت اجاگر۔

✓ ۲ ـــــ اسمبلی کے سپیکر نے لوگوں کی مجموعی ترقی اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانے کیلئے سڑک روابط سمیت دیگر بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کو دیا انتہائی اہم قرار۔

✓ ۳ ـــــ جل شکتی کے وزیر نے موسم سرما سے پہلے جل شکتی اور اریگیشن وفلڈ کنٹرول کے سبھی زیر عمل پروجیکٹوں کو مکمل کرنے کی دی ہدایت۔

اور

✓ ۴ ـــــ ملک میں آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ کے 8 سال مکمل // 18 کروڑ سے زائد آیوشمان کارڈ جاری۔

**اب پیش ہے خبروں کی تفصیل**

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے الوہا مینٹل ارتھمٹک پروگرام کو سرکاری سکولوں میں متعارف کرانے کی ضرورت اجاگر کرتے ہوئے تعلیمی نظام میں بچوں کو ایک جیسا ماحول اور سہولیات فراہم کرنے پر زور دیا ہے تاکہ وہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر مقابلہ کرنے کیلئے باصلاحیت بن سکیں۔

SKICC سرینگر میں الوہا کے 2026 کے قومی سطح کے مقابلے کی انعامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے تعلیم اور طبی نگہداشت کو موجودہ سرکار کی دو اولین ترجیحات بتاتے ہوئے کہا کہ ان دونوں شعبوں میں دائمی سرمایہ کاری خطے کی مجموعی ترقی کے لئے ضروری ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے بچوں کو تیار کرنے کی غرض سے سرکاری

اہم توجہ تسلیمی نظام میں بہتری لانے پر مرکوز ہے۔الوہا پروگرام کی سراہنا کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت سرکاری سکولوں زیرتعلیم بچوں کو بھی اس سہولت تک رسائی فراہم کرنے کے امکانات پر غور کرے گی۔

سی ایم ملاقات

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔

ملاقات کے دوران وائس چانسلر نے یو میں تعلیمی ترقی ،اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور طلبہ کی ہمہ جہت ترقی سے متعلق اہم امور کے بارے میں وزیر اعلیٰ کو تفصیلی جانکاری دی۔

اسی دوران کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کا ایک وفد اس کے صدر جاوید احمد ٹینگا کی قیادت میں آج وزیر اعلیٰ سے ملاقی ہوا جس دوران جموں وکشمیر میں تجارت اور کاروباری سرگرمیوں کو مزید مستحکم کرنے کیلئے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

وفد نے تجارتی شعبے سے متعلق اہم امور اور تجاویز وزیر اعلیٰ کے سامنے رکھیں۔

سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر اور ایم ایل اے چرار شریف عبدالرحیم راتھر نے کہا ہے کہ لوگوں کی مجموعی ترقی اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانے کیلئے ایک فعال بنیادی ڈھانچہ انتہائی اہم حیثیت رکھتا ہے۔

نوگام سے کنی دَجن چرار شریف تک کی سڑک پر میکڈ مائزیشن کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بہتر سڑک روابط متعلقہ علاقوں کے لوگوں کو تعلیم ،طبی نگہداشت ، بازاروں اور دوسری لازمی خدمات تک رسائی دیکر مقامی سطح پر اقتصادی سرگرمیوں کو بھی ایک نئی جہت عطا کرتے ہیں۔

اس سڑک پر تارکول بچھانے کیلئے قریب پونے **2** کروڑ روپے کی لاگت آرہی ہے۔

جاوید رانا

جل شکتی ،آب رسانی اور انسداد سیلاب کے وزیر جاوید احمد رانا نے آنے والے موسم سرما سے پہلے تمام پروجیکٹوں کو مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔وہ آج سرینگر میں ان محکموں کے تحت کشمیر ڈویژن میں مختلف پروجیکٹوں کی مالی اور مادی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔میٹنگ میں متعلقہ محکموں کے چیف انجینئرس اور تمام سپرانٹنڈنگ انجینئرس بھی موجود تھے۔

متعلقہ افسروں نے وزیر موصوف کو سبھی زیر عمل اسکیموں اور پروجیکٹوں کی پیش رفت اور ان میں حائل رکاوٹوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

ایل جی خراج

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے مہاراجہ ہری سنگھ کو اُن کی 131 ویں جنم جینتی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے آنجہانی کو ایک دوراندیش سیاستدان قرار دیا، جنہوں نے جموں وکشمیر کی ترقی میں ایک اہم رول ادا کیا۔

بی جے پی

پردیش بی جے پی نے مہاراجا ہری سنگھ جی کو اُن کے جنم دن کے موقعے پر آج خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشول کول، سینئر لیڈر ڈاکٹر درخشان اندرابی، نائب صدر ڈاکٹر شہناز گنائی، پارٹی سے وابستہ کئی ارکان قانون سازیہ اور دیگر سینئر لیڈروں نے آج سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر آنجہانی مہاراجا ہری سنگھ کو پھولوں کا خراج ادا کیا۔ اس موقعہ پر مقررین نے بتایا کہ جموں کشمیر کیلئے آنجہانی ہری سنگھ کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

اسی دوران پردیش بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا رکن ست شرما نے بھی مہاراجہ ہری سنگھ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لوگوں بالخصوص نوجوانوں سے کہا کہ وہ سماجی ذمہ داری اور بے لوث خدمت کے جذبے کو گلے لگاتے ہوئے معاشرے کی بہتری کیلئے کام کریں۔

کھٹانہ

ادھر بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا کے ممبر غلام علی کٹھانہ نے آج جموں کے چھنی مووالیاں گاؤں میں جموں وکشمیر رورل لائیولی ہڈس مشن کے ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت ایک اٹو میٹک **Milk Collection** اور **Bulk Milk Cooler** یونٹ کا افتتاح کیا۔

این سی اجلا

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری چودھری محمد رمضان کی صدارت میں آج شوپیان میں کارکنوں اور عہدیداروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقعے پر انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ قریبی رابطہ بنا کر ان کی راحت رسانی کے ساتھ ساتھ پارٹی کو مضبوط کرنے میں اپنا رول ادا کریں۔ اس موقعہ پر پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر اور دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

ادھر پارٹی ہیڈکوارٹر سرینگر میں این سی کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس ہمیشہ لوگوں کی فلاح وبہبود اور ان کے حقوق کی پاسداری کرتی آئی ہے۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے

موبائیل اپلی کیشن AIR News on ، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

جن آروگیہ یوجنا

ملک میں آج آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کے 8 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ یہ اسکیم 23 ستمبر 2018 کو متعارف کی گئی تھی اور اس کے تحت فی خاندان سالانہ پانچ لاکھ روپے تک کے علاج ومعالجہ کی کیش لیس صحت سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اب تک 48 کروڑ سے زیادہ آیوشمان کارڈ جاری کیے جاچکے ہیں اور تقریباً 13 کروڑ افراد نے کیش لیس علاج سے فائدہ اٹھایا ہے۔

مودی آیوشمان

دریں اثناء وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ **8** برس پہلے یہ اسکیم اسلئے شروع کی گئی تھی کہ ملک کے ہر ایک شہری کو اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات تک رسائی حاصل ہوسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب تک **60** کروڑ مستحقین اس اسکیم سے استفادہ کرچکے ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ آیوشمان آروگیہ مندروں میں **5** سو کروڑ لوگوں کو طبی سہولیات میسر ہوئی ہیں، جس سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ زمینی سطح پر پرائمری ہیلتھ کیئر سیکٹر کتنا مضبوط ہے۔

پرتاپ جادھو

آیوشمان کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے کہا ہے کہ آیوروید کے طرز علاج میں انسانی زندگی میں مثبت تبدیلی لانے نیز بیماریوں کا علاج کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

ناگپور میں آج **11** ویں آیوروید ادن کی قومی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے آیوروید ا کی اہمیت کو تفصیل سے اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے **12** برسوں کے دوران آیوش سیکٹر نے ملک میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے۔

آیوروید ادن

آج ملک بھر میں آیوروید اڈے بھی منایا جارہا ہے۔ یہ دن آیوروید کی قدیم روایت، سائنسی اہمیت اور صحت مند طرزِ زندگی

میں اس کے کردار کو اجاگر کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔اس موقع پر ملک کے مختلف حصوں میں بیداری پروگرام،صحت کیمپ اور آیوروید سے متعلق سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔
وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں کو آیوروید کے دن کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ آیوروید محض ایک طرز علاج نہیں ہے بلکہ اس میں صحت مند زندگی اور متوازن طرز زندگی کا راز مضمر ہے۔

عرس
پیر پیران حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک کل تزک واحتشام اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔
اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب ان کے آستان عالیہ واقع خانیار میں منعقد ہوگی جہاں آج رات بھر شب بیداری کی مجلس آراستہ ہوگی اور کل دن بھر نماز پنجگانہ کے بعد موئے شریف کی زیارت کرائی جائے گی۔
اسی طرح کی تقریبات درگاہ غوثیہ سرائے بالا اور راہباب صاحب عالی کدل میں بھی منعقد ہوں گی۔انتظامیہ نے عرس کے تعلق سے زائرین کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔

نیشنل کانفرنس
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے نائب صدر اور وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے حضرت غوث الاعظم دستگیر صاحب رحمت اللہ علیہ کے عرس پر لوگوں کو مبارکبادی ہے۔اپنے ایک مشترکہ پیغام میں انہوں نے کہا ہے کہ حضرت پیر دستگیر صاحب رحمت اللہ علیہ کی تعلیم، سیرت، روحانی کمالات تاریخ اسلام میں ایک سنہرا باب ہے اور یہ ہمارے لئے مشعل راہ بھی ہیں۔
پارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ زائرین کیلئے بجلی، پانی، ٹرانسپورٹ اور صفائی ستھرائی کے معقول انتظامات کو یقینی بنائیں۔

ریاض ہمدانی
دریں اثناء جمیعت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ دستگیر صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے تاریخی اسلامی کارنامے انجام دیئے ہیں اور ان کی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔انہوں نے لوگوں کو عرس کی مبارکبادی ہے۔

سیوا سنکلپ
وزیراعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے اپنے سفر کے **25** سال مکمل کر رہے ہیں۔ان **25** برسوں کے سفر کی کامیابی وزیراعظم کے ”جن سیوا سے دیش سیوا“ کے جذبے سے واضح ہوجاتی ہے۔

سرکار وِکست بھارت **2047** کا ہدف حاصل کرنے کیلئے مُسلسل کام کر رہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی بااختیاری کے نتیجے میں عوامی زندگی میں کافی بدلاؤ آیا ہے۔ مرکزی حکومت کی طرف سے عملائے جارہے پروجیکٹوں کی بدولت جموں وکشمیر بھی ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔

خصوصی سیریز "سیوا سنکلپ ابھیان" کے سلسلے میں سماعت کریں مشن لائف کی اہمیت سے متعلق یہ رپورٹ۔

**..........Report.........**

سوچھتا ہی سیوا

وزارت داخلہ، کام کرنے والی جگہوں پر دیرپا اور صاف ماحول قائم کرنے کیلئے اگلے مہینے کی **2** تاریخ سے خصوصی مہم-**6** شروع کر رہی ہے۔

یہ خصوصی مہم سوچھتا کو ادارہ جاتی حیثیت دینے کے وزیراعظم نریندر مودی کے نظریے کے مطابق ترتیب دی گئی ہے جس کا مقصد سرکاری دفاتر میں **Pendency** کو کم کرنا، صفائی ستھرائی کو یقینی بنانا، کام کاج میں معقولیت لانا نیز التواء میں پڑے مسائل کو حل کرنا ہے۔

وزارت نے کہا ہے کہ اس مہم کے مقاصد حاصل کرنے کیلئے سینٹرل آرمڈ پولیس فورس اور مرکزی پولیس تنظیموں کو متحرک کیا گیا ہے۔

DG نیوز

آکاشوانی کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار جین نے آکاشوانی کے کرگل سٹیشن کا دورہ کرکے اس کے کام کاج کا جائزہ لیا۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈی جی موصوف نے کہا کہ آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک میں کرگل سٹیشن ایک اہم مقام رکھتا ہے اور اس سٹیشن کو مزید مستحکم کرنے اور وسعت دینے کیلئے ضروری اقدام کئے جائیں گے۔

ساگر کلچر فورم

ساگر کلچرل فورم اور کشمیر لنگویج یونین کے باہمی اشتراک سے آج سرینگر کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران کشمیری زبان کو درپیش مسائل کے حوالے سے مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

اس موقعے پر پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھیں۔ انہوں نے کشمیری زبان کو بنیادی سطح پر فروغ دینے کی ضرورت اجاگر کی۔

میٹنگ میں کشمیری زبان کو کلاسکل درجہ دینے پر بھی زور دیا گیا۔

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت نوجوانوں کی کاوشوں کی بدولت **2047** سے پہلے ہی ترقی یافتہ ملک بن جائے گا۔

وڈودرا گجرات میں آج مہاراجہ سایاجی راؤ یونیورسٹی آف بروڈا کے **75** ویں کنووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ تعلیم تبھی بامعنیٰ ہوسکتی ہے جب اسے ملک اور سماج کی بقاء کیلئے استعمال کیا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ ہر ایک شعبے میں ٹیکنالوجی کی وجہ سے بدلاؤ آرہا ہے۔انہوں نے مختلف شعبوں بالخصوص تعلیم کے شعبے میں خواتین کی بڑھتی شراکت داری کی ستائش کی۔

کنووکیشن کے دوران صدر جمہوریہ نے **12** ہزار **6** سو سے زائد طلباء میں ڈگریاں اور ایک سو **60** طلباء میں کل **201** گولڈ میڈل تقسیم کئے۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے **81** ویں اجلاس کے حاشیے پر متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زائد النہیان اور فرانس کے وزیر خارجہ **Jean Noel Barrot** کے ساتھ سہ فریقی بات چیت کی۔

اس دوران انہوں نے مصنوعی ذہانت،خلاء،طبی نگہداشت،توانائی اور کلچر کے شعبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔اس کے علاوہ تینوں وزیروں نے مغربی اشیا کی صورتحال کو بھی زیر بحث لایا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **29.7** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **11** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33.8** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24.1** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **20** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **25** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
آپ سماعت کیجئے تبصرہ
ہمیں دیجئے اجازت۔خدا حافظ۔